© rasailojaraid.com

رسالہ : مستورات کی تبلیغی جماعت		مصنف: الحاج ابراہیم یوسف باوا		صفحات: 88

Idara Ishaat-i- Islam,15 Stration Road, Gloucester GL 1 4HD,P.O.Box 33, Manchester M 16 7 AN UK

مستورات کی تبلیغ کا مسئلہ ایک عرصہ سے موضوع سخن بنا ہوا ہے۔ بعض علماء کرام تبلیغی جماعت میں خواتین کے نکلنے کے قائل ہیں اور بعض اسے ناجائز قرار دیتے ہیں۔ جانبین سے اس سلسلے میں کئی ایک کتابیں بھی لکھی جا چکی ہیں۔ زیر نظر رسالہ ''مستورات کی تبلیغی جماعت'' مرتبہ الحاج ابراہیم یوسف باوا صاحب اس سلسلہ کی ایک کڑی ہیں جس میں عورتوں کا تبلیغی جماعت میں نکلنا ناجائز قرار دیا گیا ہے۔ کتاب کو تین حصص میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر تین حصوں میں مختلف علماء کرام حضرات کے فتاویٰ، بیانات خطوط اور آراء کے ذریعہ اسے ناجائز ثابت کیا گیا ہے۔ کتاب کے سرورق پر یہ عبارت نمایاں ہے ''مستورات کی تبلیغی جماعت شریعت مطہرہ کی روشنی میں، ناجائز غیر مقصود مردود ممنوع، بدعت قبیحہ فتنہ عظیم اور حرام ہے'' مرتب نے اکثر مقامات پر اپنے وضاحتی نوٹس لکھ کر عدم جواز پر پکی مہر لگا دی ہے۔ کہیں کہیں موضوع کتاب سے عدول کر کے مردوں کے تبلیغی جماعت کو بھی نشانہ بنایا ہے۔ مرتب موصوف نے اس رسالہ میں تبلیغی جماعت کے ساتھ زیر بحث مسئلے میں اختلاف کرتے ہوئے ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔ تاہم علماء محققین کے جم غفیر نے موجودہ زمانہ کے تقاضوں اور حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے مسئلہ کے ہمہ پہلوؤں پر غور و خوض کے بعد اکابرین جماعت کی طرف سے مستورات کی جماعت کیلئے وضع کردہ شرائط پر عمل کرتے ہوئے قوی دلائل اور مضبوط براہین سے جواز کا فتویٰ دیا ہے۔ ہمارے ادارے کے فتاویٰ (فتاویٰ حقانیہ) میں اسی موقف کو اختیار کیا گیا ہے، بہرحال کتاب فی الجملہ معلومات افزا ہے۔

(عرفان الحق حقانی)

---

کتاب: مجموعہ خطبات جلد اول		مرتب: مولانا قاری جمیل الرحمان اختر قادری		قیمت: ۱۵۰

صفحات: ۳۹۸		ناشر: انجمن خدام الاسلام حنفیہ قادریہ ۲۸۵ جی ٹی روڈ باغبانپورہ لاہور

علماء کرام کے خطبات وارشادات کو ضبط تحریر میں لا کر شائع کرنے کا کام ایک عرصہ سے عروج پر ہے۔ خطبات حکیم الاسلام (حضرت مولانا قاری محمد طیب قدس سرہ) خطبات حکیم الامت (حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ) خطبات لاہوری (حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ) دعوات حق (حضرت مولانا عبدالحقؒ) خطبات حق (حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ)۔ مشت نمونہ خروار...... اکابرین کے خطبات وارشادات روحانی زندگی کی بقاء و ترقی کے لئے عظیم سرمایہ کی حیثیت رکھتے ہیں، اور ان کی عدم موجودگی میں ان کی صحبت و معیت کے قائم مقام ہوتے ہیں۔

زیر نظر کتاب ''مجموعہ خطبات'' مرتبہ مولانا قاری جمیل الرحمان اختر قادری صاحب بھی اسی سلسلہ کا ایک تسلسل

© rasailojaraid.com